© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعة والجماعة

## دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں ساتویں سالانہ خاتم النبیین ﷺ کانفرنس

مورخہ 9 ستمبر بروز اتوار دھریالہ جالپ میں ساتویں عظیم الشان خاتم النبیین ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری فتح محمد امام وخطیب جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے قاری انعام اللہ عثمانی، قاری بنیامین عابد اور مولانا عبدالرشید حجازی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس پروگرام میں گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ قاری حسین علی قاسمی اور ان کے رفقاء نے مہمانوں کی ضیافت کی۔

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی واصلاحی پروگرام

مورخہ 10 ستمبر بروز مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام کا انعقاد بعد نماز مغرب ہوا۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ختم نبوت کے موضوع پر مدلل درس ارشاد فرمایا۔

# وفیات

## جاوید افضل ہاشمی (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 16 جولائی بروز سوموار مسجد عمر فاروق اہل حدیث بلال ٹاؤن کے مستقل نمازی جاوید افضل ہاشمی کا نواسہ طویل علالت کے بعد وفات پا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## ارشد محمود زرگر کو صدمہ

مورخہ 20 جولائی بروز جمعہ انجمن اہل حدیث جہلم کے نائب صدر ارشد محمود زرگر کی ہمشیرہ محترمہ یوکے میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ 21 جولائی بروز ہفتہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز ظہر کے بعد مولانا قطب شاہ نے پڑھائی جس میں شہر بھر سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## محمد شاہد (کالا گوجراں) کو صدمہ

مورخہ 23 جولائی بروز سوموار جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گوجراں کے مستقل نمازی محمد شاہد کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## چوہدری احتشام الحق (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 26 جولائی بروز جمعرات چوہدری احتشام الحق نمبردار کی پھوپھی محترمہ کینیڈا میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ کینیڈا میں ادا کی گئی۔

## حاجی محمد نواز وراجہ عبدالرؤف (پوران) کو صدمہ

مورخہ 27 جولائی بروز جمعۃ المبارک حاجی محمد نواز کے بھائی اور راجہ عبدالرؤف کے سسر محمد عنایت پوران میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث پوران کے مستقل نمازی، تلاوت قرآن کے پابند اور بااخلاق وملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پوران میں پڑھائی۔ نماز جنازہ میں جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی اور مولانا نوید احمد بشار نے شرکت کی۔

## عامر ایوبی (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 7 اگست بروز منگل عامر ایوبی کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## طاہر زیدی (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 16 اگست بروز جمعرات جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن کے مستقل نمازی طاہر زیدی کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ اور تلاوت قرآن کی پابند خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ بلتستانی نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com